ہے" (ص ۱۴۰)، مگر چند صفحات بعد لکھتے ہیں : "ایک ایسا وقت ضرور آتا ہے کہ اشتراکیت اسلام کے خلاف نبرد آزما ہو جائے گی، لہٰذا اس وقت کے لیے مسلمانانِ عالم کو تیار رہنا ہو گا" (ص ۱۴۵)۔ ترکی کے "عظیم محسن اور دنیا کی عظیم شخصیت" کمال اتاترک پر مصنف کا نقد و انتقاد بس اس ایک جملے تک محدود رہا ہے کہ "ترک ناداں نے مسلمانوں کی مرکزیت کو پارہ پارہ کر دیا" (ص ۱۴۰)۔ علامہ اقبال کے سوانحی خاکے میں بھی متعدد واقعاتی غلطیاں موجود ہیں۔

کتابت و طباعت اوسط معیار سے بھی فروتر ہے۔ ترتیب و تدوین کی بعض خامیاں بھی کھٹکتی ہیں۔ کئی حوالے نامکمل اور چند ایک ندارد۔ کہیں کہیں عبارت نظرثانی کی محتاج ہے، مگر بحیثیت مجموعی صادق حسین طارق کی یہ کاوش خوش آیند اور قابل قدر ہے۔

لہو رنگ پلکیں : از محمد افتخار۔ ناشر: البدر پبلی کیشنز اردو بازار لاہور۔ صفحات : ۷۹۔ قیمت ۱۸ روپے۔

یہ کتاب کشمیر کی حالیہ تحریک آزادی کے حوالے سے، سکول کے بچوں کے لیے چھوٹی چھوٹی سات کہانیوں کا مجموعہ اگرچہ سپاٹ واقعات پر مشتمل ہے، مگر جذبۂ جہاد سے سرشار کشمیری بچوں اور نوجوانوں کے کردار، جدوجہد آزادی میں والہانہ انداز میں حصہ لیتے نظر آتے ہیں۔ اس نوع کی کتابوں میں زبان و اسلوب اور املا پر خاص توجہ دینی چاہیے۔

سیرت حضرت عبداللہ بن عمرؓ : از ابن عبدالشکور۔ ناشر: دعوت اسلام سنٹر بنگلور، بھارت۔ صفحات : ۴۰۰۔ قیمت : ۶۰ روپے۔

مولف نے حضرت عمرؓ کے فرزند اور جلیل القدر صحابی حضرت عبداللہؓ کے حالات و فرمودات مختلف ماخذات سے یکجا کیے ہیں۔ یہ ایک مربوط سوانح عمری تو نہیں بن سکی، مگر مولف نے اس موضوع پر مفید مواد جمع کر دیا ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)۔

وضاحت

۱۔ ترجمان القرآن میں ترجیحاً دینی اور علمی کتابوں پر تبصرے شائع کیے جاتے ہیں۔

۲۔ تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے آنا ضروری ہیں۔

۳۔ تبصرے کے لیے مطبوعات براہ راست : مدیر ترجمان القرآن منصورہ، لاہور ۵۴۵۷۰ کو بھیجی جائیں۔